صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 20 جون 2013ء بمطابق 10 شعبان 1434 ہجری بعداز دوپہر چار بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَـٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمَـٰنِ الرَّحِیمِ۔

یَـٰٓأَیُّهَا ٱلَّذِینَ ءَامَنُوا۟ كُونُوا۟ قَوَّٰمِینَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلۡقِسۡطِ ۖ وَلَا یَجۡرِمَنَّكُمۡ شَنَـَٔانُ قَوۡمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعۡدِلُوا۟ ۚ ٱعۡدِلُوا۟ هُوَ أَقۡرَبُ لِلتَّقۡوَىٰ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِیرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُونَO وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِینَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ ۙ لَهُم مَّغۡفِرَةٌ وَأَجۡرٌ عَظِیمٌO وَٱلَّذِینَ كَفَرُوا۟ وَكَذَّبُوا۟ بِـَٔایَـٰتِنَآ أُو۟لَـٰٓئِكَ أَصۡحَـٰبُ ٱلۡجَحِیمِ ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیز گاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ و آخِرُ الدَّعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَـٰلَمِینَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ معزز اراکین اسمبلی! گزشتہ دنوں شیر گڑھ مردان میں ہمارے معزز رکن اسمبلی، عمران خان مومند بمعہ 35 اشخاص جام شہادت نوش کر چکے ہیں۔ جناب سراج الحق صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ تمام شہداء کے حق میں دعا کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ معزز اراکین اسمبلی! چونکہ بجٹ پر بحث کیلئے بہت زیادہ تعداد میں معزز ممبران اسمبلی نے اپنے نام جمع کرائے ہیں لیکن وقت کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد وضوابط وطریقہ کار مجریہ 1988 کے قاعدہ 142 ذیلی قاعدہ 3 کے تحت اس ترتیب سے وقت مقرر کرتا ہوں کہ پارلیمانی لیڈرز کیلئے 20 منٹ اور ممبران صاحبان کیلئے 10 منٹ، لہذا آپ سے گزارش ہے کہ مقرر کردہ وقت میں بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کریں، نیز غیر ضروری بحث سے اجتناب کیا جائے، شکریہ۔ چونکہ کورم کافی کم ہے اس وقت، جناب سردار مہتاب احمد خان صاحب نے Application دی ہے لیکن حاضر نہیں ہیں تو انکی جگہ میں مولانا لطف الرحمان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ۔۔۔۔۔

ایک رکن: نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نشتہ؟ میرے خیال میں اپوزیشن کی میٹنگ جاری ہے، اچھی بات ہے کہ ہمارا جو ٹائم ہے وہ بچ جائے گا، کوئی بھی ممبر صاحب اس ٹائم پہ بحث میں حصہ لینا چاہتا ہے تو Most welcome۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: جو نام پکارا جائے، پھر آپ گھنٹی بجائیں، وہ اگر آگئے تو ٹھیک ہے، اگر نہ آئے تو اس کا نمبر خود بخود ختم ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سید محمد علی شاہ صاحب، سردار ظہور احمد صاحب، محترمہ نجمہ شاہین صاحبہ، محترمہ عظمی خان صاحبہ، جناب وجیہہ الزمان خان، سردار اورنگزیب صاحب، جناب صالح محمد خان صاحب، محترمہ رومانہ جلیل صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر صاحب! دیکھیں اگر اپوزیشن اس وقت میٹنگ میں ہے تو باہر مطلب انکا پتہ کر لیا جائے اور ویسے تو آواز دینا تو ٹھیک ہے لیکن Traditionally ہمیشہ اپوزیشن سے اس

ڈیبیٹ کا آغاز ہوا ہے اور ہونا بھی چاہیئے ورنہ یہ ٹریژری بنچز میں تو اس وقت تمام اراکین اگر آپ چاہیں تو ہم آغاز کر سکتے ہیں اسکا، لیکن میرا خیال ہے، پتہ کر لیں کہ وہ کسی میٹنگ میں ہیں کیونکہ پوری ہی اپوزیشن اس وقت نظر نہیں آ رہی۔ شکریہ۔

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر برائے خوراک): جناب سپیکر صاحب! نام آپ نے لیے ہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: وہ اگر نہیں آئیں گے تو دوبارہ شاید وہ ڈیبیٹ میں حصہ نہ لے سکیں، اس لئے اگر یہ مناسب سمجھیں تو دو تین آدمی بھیجیں انکی طرف، کہ اسکی وجہ کیا ہے، وہ آنا چاہتے ہیں یا انکی میٹنگ ہے یا وہ ویسے ارادتاً نہیں بیٹھنا چاہتے تاکہ پھر آگے ہاؤس کی کارروائی چلائی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میٹنگ شروع ہے جی۔

(ہال میں خاموشی)

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات): میرے خیال میں پانچ دس منٹ میں آجائیں گے، وہ جوائنٹ اپوزیشن میٹنگ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تو دس منٹ کیلئے وقفہ کر لیتے ہیں۔

وزیر مواصلات: جی میرے خیال میں وقفہ کر لیں دس منٹ کیلئے تو بہتر رہے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! صرف دس منٹ کیلئے ہم وقفہ کرتے ہیں، ان شاءاللہ دس منٹ کے بعد پھر حاضر ہونگے۔

(ایوان کی کارروائی دس منٹ کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام معزز اراکین اسمبلی سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں۔ محترمہ نگہت یاسمین صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

رسمی کارروائی

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! ابھی گورنمنٹ بنی ہوئی بہت کم دن ہوئے ہیں، ہم لوگ انکو اتنا زیادہ قصوروار نہیں سمجھیں گے لیکن جناب سپیکر صاحب، ایک تو جومردان کا حادثہ ہوا ہے، اس میں میں سمجھتی ہوں کہ جن سفاک لوگوں نے یہ کام کیا ہے، ایک تو پہلے دن بھی سراج الحق صاحب سے میں نے یہ بات بڑی زبردستی سے منوائی تھی کہ مذمت کریں اور ایک قرارداد لیکر آئیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہاں سے مذمتی قرارداد جانی چاہیئے تاکہ پورے پاکستان کو پتہ چلے کہ ہم ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ سینیٹ سے گئی ہے، قومی اسمبلی سے گئی ہے، پنجاب سے گئی ہے، سندھ سے گئی ہے اور بلوچستان کا تو اپنا معاملہ تھا تو یہاں سے بھی جانا چاہیئے تھی۔ (تالیاں) دوسری جناب سپیکر صاحب، 38 لوگ اپنی جان سے ہار گئے ہیں اور انہوں نے اس دہشت گردی کے خلاف اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، ایک تو مجھے نہیں پتہ کیونکہ میں لیٹ آئی ہوں کہ ان کیلئے دعا ہوئی ہے یا نہیں ہوئی ہے؟ اچھا اگر دعا ہوئی ہے تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ اب ان قاتلوں کے اور ان دہشتگردوں کے خلاف، جناب سپیکر صاحب، ابھی ہمیں یہاں اور وہاں چھوڑ دینا چاہیئے، ہم نے اب ایک لائحہ عمل تیار کرنا ہے کہ جو لوگ مذاکرات کے عمل میں آتے ہیں، ان کے ساتھ بیشک آپ مذاکرات کریں لیکن جو مذاکرات کے عمل میں نہیں آتے، ان کے بارے میں بالکل کلیئر پالیسی ہونی چاہیئے کہ وہ سفاک ہیں، وہ نہ انسان ہیں، وہ نہ مسلمان ہیں جو کہ میرے پورے پاکستان کے بچوں کو، بوڑھوں کو، عورتوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے، یہ تو وہ شہداء ہیں کہ جن کیلئے ہم لوگ ان کے مرنے کے بعد، بعد مرنے کے یہاں تاج محل بنتے ہیں، اس سے پہلے کچھ بھی نہیں ہوتا۔ جناب سپیکر، یہاں پر بات ہوئی ہے، صحت کے بارے میں بہت بڑی بڑی باتیں ہوئی ہیں، جناب سپیکر! میرے اپنے گھر کا مسئلہ ہے، میرے مزارع، اس کی بیوی کی ٹانگ ٹوٹ گئی اور لیڈی ریڈنگ والوں نے اس کو ایڈمٹ کرنے سے بھی انکار کر دیا اور اس کے بعد ان کو وہاں پر جو صحت کے معاملات میں، میں بڑے افسوس سے یہ الفاظ استعمال کرنا چاہونگی کہ صحت کے ساتھ جو دلالی کر رہے ہیں، وہاں پر جو دلال پھرتے ہیں، وہ وہاں پر پھر رہے ہوتے ہیں اور انہوں نے کہا کہ آپ فلاں علی ہاسپٹل، نام میں لے رہی ہوں، وہاں پر اس کو لے جائیں، Anesthesia زیادہ ہو گیا اور وہ عورت اپنی جان سے چلی گئی۔ جناب

سپیکر صاحب، ہم کیا کر رہے ہیں؟ یہاں پر جو لوگ حضرت عمر فاروقؓ کی، جب یہاں پر یہ بات کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروقؓ کی بات ہم کرتے ہیں، ہم خلفاء راشدین کی بات کرتے ہیں تو کیا ہم نے کبھی ہاسپٹلز کا، میں وزیر صحت صاحب سے یہ پوچھونگی کہ کیا انہوں نے۔۔۔۔۔

ایک رکن: آپ پوائنٹ آف آرڈر پر بات نہیں کر سکتیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: بالکل پوائنٹ آف آرڈر پر میں بات کر سکتی ہوں، جی کیوں؟ بالکل بجٹ سپیچ میں بعد میں کرونگی اور اس میں بھی آپ کو تمام بجٹ کے بارے میں بھی بتاؤنگی لیکن یہ صحت کے جو منسٹر صاحب ہیں، ان کو کہیں کہ ذرا ہسپتالوں کا دورہ کریں، ان کو کہیں کہ ذرا پولیس سٹیشنوں کا دورہ کریں، ان کو کہیں کہ ذرا پٹوار خانوں کا دورہ کریں تاکہ ان کو پتہ چلے کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! بجٹ کا اجلاس شروع ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: کہ ان کو پتہ چلے، ہم تو اچھی حالت میں ان کو چھوڑ کے گئے تھے، آپ لوگ سنبھالیں اس کو۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! نگہت بی بی چې کومه خبره وکړه، تیر حکومت کښې واجد علی خان دلته وژړل، دغه حالاتو نه مجبور شو، دغه حالاتو نه مایوسه شو، دلته ځوان سړے وو او وئے ژړل، په مخ باندې ئے وښکې راغلې۔ جناب سپیکر صاحب، زما او زما په شان ډیرو ملګرو به وئیلی وی چې دا سړے جذباتی دے، ډیرو خلقو به دا وئیلی وی چې دا سړے مایوسه شوے دے، ډیرو خلقو به دا وئیلی وی چې د دغه سړی د ژوند نه طمع قطع شوې ده خو زه حیران یم، روزانه مړی کیږی، روزانه بم بلاسټ کیږی، روزانه خلق مری، خویندې کونډېږی، د صوبائی اسمبلئ ممبر مړ کیږی، د قومی اسمبلئ ممبر مړ کیږی او د سینیټ ممبر مړ کیږی، ډاکټر مړ کیږی، د دنیا خلق مړه کیږی خو جناب سپیکر صاحب، دا ایجنسئ څه کوی؟ دا دومره خرچه کیږی، دا ایجنسئ چرته لاړې، چا ونیول، اوسه پورې د یو سړے اووائی چې دا

سرړے ئے نیولے دے ؟ فوجیان موجود وی، پولیس موجود وی، ناکه بندئ موجود وی، د هغې باوجود خلق راځی، زه ډیر معذرت سره دا خبره کوم که د پښتون د سر سودا شوې وی، که پښتون په دغه معاشره بوجهـ وی، که پښتون دغه معاشره باندې بد نما داغ وی، زه به ډیر معذرت سره وایم، که چا ته د پښتنو د وینې ضرورت وی نو مونږ باندې د یو ځل بمباری وکړی، بار بار د مونږه نه ژړوی، (تالیاں) بار بار د مونږ ته دا غمونه نه راکوی، بار بار د مونږ ته دا دردونه نه راکوی۔ زه خو قسم خورم، زه خو دې ملک کښې دا سې ګورم لکه افغانستان، زه خو دې ملک کښې هغه حالات ګورم لکه چې فلسطین کښې روان دی، مونږ چا ته وژاړو، چا نه خپله وینه وغواړو، آیا پښتون دې ملک سره غداری کړې ده؟ آیا پښتون چې کله دې ملک باندې تکلیف راغلے دے، پښتون چانه وروستو لاړ دے، آیا پښتون بے غیرتی کړې ده؟ پښتون د دغه زمکې د دې ملک خاوره خرڅه کړې ده؟ خو د هغې باوجود مونږ سره دا ظلمونه ولې روان دی، مونږ سره دا مسخرې ولې کیږی، روزانه زمونږ بچی ولې مړه کیږی؟ زه معذرت سره دا وایم که نه وی دا حکومتونه د بیا ړنګ شی۔ دا حکومتونه د پاتې شی، هر چا ته د خپل دغه ورکړے شی۔ (تالیاں) که څوک چا سره شاملیږی، هغوی سره د ځی، که څوک چا سره تلل غواړی، هغوی سره د لاړ شی۔ زه دا وایم چې ځنی داسې خلق موجود دی چې هغه زمونږ او ستاسو د وینو خاورو قیمت وصولوی۔ ځنی داسې خلق موجود دی چې هغه زما او ستا د وینې سودا بازی کوی۔ زه د دغه صوبې د دغه خاورې د دغه ټولو نمائندګانو د طرف نه دست بسته سوال کوم چې بس زمونږ ډیرې وینې توې شوې، مونږ ډیر وزیریدلو، مونږ ډیر وژړل، زمونږه سترګو کښې وښکې ختمې شوې، خدائے د پاره بس مونږ معاف کړئ، مونږ پریږدوئ چې مونږ د خپلې غریبئ ژوند تیر کړو۔ وآخر الدعوانا ان الحمد لله رب العالمین۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسف زئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسف زئی (وزیر صحت): شکریہ، جناب سپیکر۔ یہاں بڑی جذباتی انداز میں تقریریں ہوئیں اور نگہت بی بی کا سٹائل دیکھ کر یوں لگتا ہے کہ پتہ نہیں کوئی قیامت آگئی ہے۔ (شور) میری بات سن لیں نا، آپ میری بات تو سن لیں نا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز پلیز۔

مفتی سید جانان: دا خبره به واپس واخلئ۔

وزیر صحت: واپس مې واخسته، واپس، (شور) واپس مې واخسته ځه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز۔

وزیر صحت: واپس واپس، Okay۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اپنی اپنی نشستوں پہ بیٹھ جائیں پلیز۔ (شور) نگہت اور کزئی صاحبہ، پلیز آپ بیٹھ جائیں (شور) پلیز آپ لوگ بیٹھ جائیں، یہ بجٹ اجلاس ہے، بحث کریں۔

وزیر صحت: میں کچھ اور کہنا چاہتا تھا، پوری بات تو سن لیں نا۔ پہلے بات سن لیں، میں کہنا کیا چاہتا ہوں یار؟

(قطع کلامیاں اور شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: بھائی، آپ بیٹھ جائیں، آپ پلیز بیٹھ جائیں، پلیز آپ بیٹھ جائیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر صحت: واپس لے لی لیکن بات تو سن لیں، میں کہنا کیا چاہتا ہوں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں، ہمیں ایک دوسرے کو سننا چاہیئے۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر صحت: آپ بات تو سن لیں نا۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو کښینئ جی، پلیز پلیز۔ پلیز آپ بیٹھ جائیں (شور) ملک قاسم صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

وزیر صحت: آپ بات تو سنیں پہلے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نگہت اورکزئی صاحبہ۔

وزیر صحت: میں جس Context میں بات کر رہا ہوں، وہ یہ نہیں ہے جو جانان صاحب سمجھ رہے ہیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ لوگ تشریف رکھیں۔

وزیر صحت: میں ہاسپٹل کے حوالے سے بات کر رہا تھا۔

(شور اور قطع کلامیاں)

مفتی سید جانان: ته خپله خبره واپس واخله۔

وزیر صحت: میں واپس لیتا ہوں، (شور) میں واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں جی۔

وزیر صحت: میں معذرت چاہتا ہوں، میں جو الفاظ کہنا چاہتا تھا، ہاسپٹل کے حوالے سے کہہ رہا تھا، آپ دوسری بات سمجھ گئے، (شور) میں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: نگہت اورکزئی صاحبہ! پلیز آپ بیٹھ جائیں، پلیز۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، میں مشکور ہوں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر صحت: یو منټ، یو منټ جی۔ (شور) آپ پہلے بات تو سن لیں منور خان صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام حضرات سے گزارش ہے کہ آپ مہربانی کر کے اپنی نشستوں پہ بیٹھ جائیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: اپنی اپنی نشستوں پہ آپ تشریف رکھیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر صحت: جناب سپیکر! دیکھیں، (اراکین اسمبلی سے) دیکھیں نا، آپ پوری بات سن لیں، آپ کی بات سنی گئی ہے، میں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بیٹھ جائیں۔

وزیر صحت: جانان صاحب نے جس طرف اشارہ کیا ہے، ہمیں اس پہ بہت زیادہ افسوس ہے، ہم نے کل بھی اس پر افسوس کا اظہار کیا ہے، مذمت بھی کی ہے۔ یہ دیکھیں یہ ایک دن کا مسئلہ نہیں ہے کہ آج ہم حکومت میں آگئے اور یہ سلسلہ شروع ہو گیا ہے، یہ گزشتہ نو دس سالوں کی پالیسی ہے جو چلی آ رہی ہے۔ جب تک آپ اس پالیسی کو چینج نہیں کریں گے، آپ یہ Expect نہیں کر سکتے۔ (شور) آپ سنیں بی بی، ایسے چیخیں مارنے سے کچھ نہیں ہو گا، آپ پہلے بات سنیں (شور) آپ دس سال مشرف صاحب کے ساتھ رہیں، آپ کے دور میں جو جامعہ حفصہ کا واقعہ ہوا، (تالیاں) آپ نے تو تباہی کر دی ہے اس ملک کی، آپ کو شرم آنی چاہیئے اس بات پہ، آپ پہلے اپنے اندر بات سننے کی ہمت پیدا کریں۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر صحت: آپ اپنے اندر ہمت رکھیں سننے کی۔۔۔۔۔

(شیم شیم کی آوازیں)

وزیر صحت: آپ اپنے اندر سننے کی ہمت رکھیں۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر صحت: ہم چاہتے ہیں، ہم شروع دن سے چاہتے ہیں۔۔۔۔

(شور)

وزیر صحت: پلیز پلیز، ہم شروع دن سے چاہتے ہیں کہ اس صوبے میں امن ہو، اس ملک میں امن ہو اور یہ امن تب آ سکتا ہے۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر صحت: جناب سپیکر، جب ہم اپنی پالیسیاں بند کرینگے، تبدیل کرینگے، جب تک ڈرون حملے ہوتے رہینگے، آپ یہ Expect نہ کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب سے گزارش ہے کہ آپ ایک منٹ کیلئے تشریف رکھیں۔ شکریہ جی۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز آپ بیٹھ جائیں، پلیز آپ اپنی نشست پہ بیٹھ جائیں۔ایک منٹ، محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: یوسف ایوب صاحب سے گزارش ہے کہ وہ بات کریں۔

جناب یوسف ایوب خان(وزیر مواصلات): Delay ہوا ہے جی، آپ نے پہلے نام پکارے تھے لیڈر آف دی اپوزیشن کے اور باقی پارلیمنٹری گروپ لیڈرز کے، میرا خیال ہے جس مقصد کیلئے آئے ہیں، اس کو شروع کریں اور یہ کارروائی کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں بجٹ اجلاس پر بحث کا آغاز شروع کرنا چاہتا ہوں، بحث کیلئے میں جناب سردار مہتاب احمد خان صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ بجٹ پر بحث کا آغاز کریں۔

(تالیاں)

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2013-14 پر عام بحث

Sardar Mehtab Ahmad Khan (Leader of the Opposition): Thank you, Mr. Speaker. It`s an honour for me that today I am opening the debate on this new budget of 2013-14. Mr. Speaker, I would also like, before I take up the budget speech, I would like to just make a pasture remarks that I would suggest to the honourable Members of both the sides that we must take the business of the House very serious. They should not only be very selective words in making the remarks, (Applause) but also the government has to show a lot of patience. I must advise you a lot of patience. You must remember that it is always the opposition, not only today, tomorrow, but as long as the opposition is there, they will take you

all. This is a normal practice of the Parliament but at the same time I have also the responsibility to advise to my honourable Members on the opposition side that we should also make all efforts to point out the issues of this august House, but at the same time we must not create a situation where the things go further wrong. (Applauses) This is my suggestion. We should be, we should behave in a more seasoned and mature manner. I hope my words would be taken as a brotherly advice, this is my suggestion. Thank you very much, Mr. Speaker.

جناب سپیکر! میں محترم فنانس منسٹر، جن کا میں بہت احترام کرتا ہوں، دل سے، انہوں نے جو بجٹ پیش کیا، میں اس وقت یہاں موجود نہیں تھا لیکن بہر حال مجھے بڑی امید تھی کہ ہم نے صوبے میں ایک بڑی مختلف فضا دیکھی تھی انتخابات کے دوران اور نہ صرف اس صوبے میں بلکہ پورے پاکستان میں ہمیں اس بات کا یقین دلایا گیا، احساس دلایا گیا کہ پاکستان تحریک انصاف جس کے پاس نہ صرف ملک میں بہترین دماغ ہیں، اس کے Visions ہیں، بلکہ اس کو پوری دنیا سے پاکستانی، چاہے وہ دنیا میں کسی بھی جگہ پر ہوں، وہ اپنے تجربے اور اپنے تمام وسائل اور نئے Vision کے ساتھ ایک ایسی حکومت، چاہے وہ ملک میں ہو یا صوبے میں ہو، دیں گے، پیش کریں گے اور ایک انقلاب آئے گا، ایک نئی تبدیلی آئے گی۔ Let`s be honest، سچی بات ہے کہ مجھے اس وقت بھی یقین نہیں تھا، چونکہ جب ہم دیکھتے ہیں دنیا میں اور پاکستان کے مسائل، اس کی عملی باتیں، تو میرا اپنا سارا تجربہ یہ ہے کہ ہم باتیں مختلف کرتے ہیں لیکن نکلتا کچھ اور ہے اور میری بہت مؤدبانہ بات، بڑے ادب سے بات کرنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ سپیچ میں مجھے کوئی ایسی چیز نظر نہیں آئی کہ جو صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام کی زندگی تبدیل کرنے کیلئے کوئی ایک تجویز بھی آئی ہو، (تالیاں) I plead that there is no vision، اس میں کوئی Vision نہیں ہے اور میرے بھائی کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں تو موقع نہیں ملا لیکن آپ کو میں ضرور بتانا چاہتا ہوں کہ ضرور بلاشبہ آپ کو موقع کم ملا ہے لیکن 11 مئی کے انتخابات کے بعد پاکستان مسلم لیگ کے قائد میاں نواز شریف نے اسی رات کو اس بات کا فیصلہ کر لیا تھا کہ ہم صوبہ خیبر پختونخوا میں اکثریتی جماعت کو موقع دیں گے حکومت بنانے کا، جو روایت کے مطابق بھی ماضی میں شاید ایسا نہیں ہوا لیکن ہم نے اس بات پر ایمان رکھا ہے کہ جن کا حق ہے، جن کو لوگوں نے اکثریت دی ہے، ان کو موقع ملنا چاہیئے اور یہ آپ کو اس بارے میں خوشدلی سے کہتا ہوں، فراخدلی کے

ساتھ، بہت Repercussions ہمیں بھی تھیں، حکومت بنانا کوئی مشکل بات نہیں ہوتی لیکن صحیح بات ہے کہ حکومت چلانا بھی چیلنج ہے، حکومت چلانا چیلنج ہے اور یہ چیلنج آپ کو قبول کرنا چاہیئے لیکن میں افسوس سے کہتا ہوں کہ اس بجٹ میں کوئی ایسی چیز مجھے نظر نہیں آتی جس میں پی ٹی آئی، جماعت اسلامی یا دوسرے جو Coalition partners ہیں، انکا کوئی مجھے Vision نظر نہیں آتا۔ یہ تو وہی روایتی بجٹ ہے جو ماضی میں بھی اس صوبے میں چلتا رہا، اس صوبے کی معیشت، اس کا لاء اینڈ آرڈر، اس کے وسائل کی تقسیم، یہ سارے وہ سوالیہ نشان ہیں جن کو پچھلے 13 سالوں سے ہم بھگت رہے ہیں، بھگتے جا رہے ہیں۔ میں بہت دیانتداری سے بات کرنا چاہتا ہوں، میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میرا مقصد قطعاً تنقید برائے تنقید نہیں ہے، اس لئے Its need is now، عمر گزرتی جارہی ہے، We have a new generation coming up in this province، پورے ملک کی طرح They have a lot of expectations، ان کی بڑی امیدیں ہیں، انکی بڑی توقعات ہیں۔ اس صوبے میں بیروزگاری ہے، اس صوبے میں دہشتگردی ہے، اس صوبے میں وسائل کی تقسیم انصاف کی بنیاد پر کرنی ضروری ہے۔ اس میں تمام ڈھانچہ، حکومتی ڈھانچہ بدقسمتی سے بالکل اپنی تباہی کے آخری دہانے پر ہے۔ مجھے کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی کہ حکومت جو ہے وہ اپنے نئے Vision کے ساتھ کام کرنے آئی ہے۔ جناب سپیکر، سب سے بڑا ایک اہم چیلنج، مجھے اس بات کا افسوس بھی ہے، اس اسمبلی کے وجود کو ابھی ایک مہینہ ہوا ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ ان پانچ چھ ہفتوں میں اس اسمبلی کے دو معزز اراکین، ان کو دن دیہاڑے شہید کیا گیا۔ ماضی میں بھی ہماری اس اسمبلی کے معزز اراکین نے بڑی قربانیاں دی ہیں، They must be remembered, they must be remembered, they must be respected and saluted، چاہے وہ کسی بھی جماعت سے تعلق رکھتے تھے، But they gave their lives for the peoples of this province لیکن یہ کب تک رہے گا یہ سلسلہ؟ جناب سپیکر، میں پوچھنا چاہتا ہوں حکومت سے کہ ان کا کیا ارادہ ہے؟ یہ آج بھی ہمارا صوبہ اسی دہشتگردی کا شکار رہے گا؟ اس اسمبلی میں آنے کیلئے پوری قیامت برپا ہوتی ہے، پشاور میں پوری قیامت برپا ہوتی ہے لیکن کوئی ہمارے پاس، کوئی آپ کے پاس کیا Change آئی ہے، کیا تبدیلی کی ہے؟ بموں کے دھماکے ہیں اور جاری ہیں، ہماری سیکورٹی ہے، اسٹیبلشمنٹ ہے، Security apparatus ہے، ہمارے عوام ہیں، ممبران اسمبلی ہیں، مساجد ہیں، سکولز

ہیں، وہ آج بھی ٹارگٹ ہیں اس تباہی کا، تو ابتداء آپ کو کرنا تھی، آپ نے ایشورنس دی تھی اس صوبے کے لوگوں کو کہ ہم اس صوبے میں امن لیکر آئیں گے تو کہاں ہے امن؟ کہ وہ اس اسمبلی کے دو معزز اراکین کو پانچ ہفتوں کے اندر جو ہے وہ ان کو چاٹ گئے ?Where is vision آپ نے کس بات کا آغاز کیا ہے؟ آپ ہمیں بتائیں، ایک مہینہ تو آپ نے اپنی حکومت کی کابینہ بنانے میں لگایا۔ جس حکومت کو ایک مہینہ اپنی کیبنٹ بنانے میں لگے گا، I have my question about the competency and capability of the government. Let's be fair about it، میں یہ اس لئے آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ ہر آنے والا دن، It will be a greater challenge for the government، یہ میں آپ کو Warn کروں، بڑا چیلنج ہوگا آپ کو۔ ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ آپ کب تک جو ہے، اس میں آپ نے جو خواب دکھائے تھے، میں سمجھتا ہوں کہ ان خوابوں کی تعبیر تو اس پہلے بجٹ میں نہیں آسکتی لیکن ان کے خوابوں کی ایک جھلک ضرور آنی چاہیئے، There is no جھلک۔ یہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ نے اور فنانس منسٹری کے ان بابوؤں نے جو ہمیشہ بجٹ بنا کر کاغذ پیش کرتے ہیں اور وہ آنریبل فنانس منسٹر کے آگے رکھا اور انہوں نے دستخط کر دیئے، There is no vision in it، یہ وہ ماضی کا جو رواج ہے، روایت ہے، اسی پر قائم ہیں۔ اس وقت اگر آپ یہ بات کرتے، تم تبدیلی لاتے تو آپ یہ بات کہتے کہ نہیں ہم تبدیلی نہیں لا سکتے، ہمیں تو اسی Status quo کو بحال رکھنا ہے۔ آپ یہ بات ہمیں کہہ دیں، ہم مان لیں گے آپ کی بات۔ آپ کے حکمرانی کے حق کو نہیں چھیڑیں گے، We will accept you, we will talk that for next five years even if you concede on this floor of the House that we are a rewayati government and we are the rewayati budget makers، کہہ دیجیئے، آپ دلیری کر دیں، بہادری کر دیں آپ۔ جناب سپیکر، جو سب سے بڑا چیلنج میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کو ہے، وہ لاء اینڈ آرڈر کے بغیر اس صوبے میں کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ آپ سکول بناتے جائیں گے، وہ بموں کے دھماکوں سے اڑاتے رہیں گے۔ آپ ہاسپٹلز بنائیں گے، ان کے اندر جانے والا کوئی نہیں ہوگا کیونکہ Life is not secure۔ ابھی تک ہمارے ایک وائس چانسلر، غالباً ایک وائس چانسلر ابھی تک اغواء ہیں، پچھلے کتنے عرصے سے؟ How this، ان کی کوئی بھی Recovery نہیں، کچھ خبر نہیں، کسی کو کوئی دردمندی نہیں۔ اسی طرح ڈاکٹرز ہیں، They

We must salute the jawans اور ہماری پولیس کے جوان، میں سمجھتا ہوں کہ are unsafe of the police جنہوں نے اس صوبے میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور دہشتگردی کو نہیں روک سکے، It is the failure of the government. I do not see any plan of capacity building of the police, of the intelligence connection of the security operatus ان کی کچھ Capacity building نہیں، آپ جوانوں کو کتنا عرصہ اس قربانی کی بھینٹ چڑھائیں گے، How long؟ یہ تھا Vision؟ جوان اپنی زندگی دیتا ہے، وہ تو جاکر دہشتگرد کو گلے لگا کر پکڑتا ہے اور اپنے آپ کو، اپنی جان کی قربانی دیتا ہے لیکن یہ Solution نہیں ہے، Solution ہے کہ آپ اپنی Capacity building کریں۔ مجھے کوئی Capacity building کا اس بجٹ میں Intelligence and police capacity building کا کوئی مجھے وجود نظر نہیں آتا ہے۔ میں آپ کو ابھی سے کہتا ہوں کہ آپ کی حکومت جاری رہے گی لیکن یہ Capacity building نہ ہونے کی وجہ سے آپ کچھ بھی نہیں کر سکتے اور یہ صوبہ اسی طرح غیر محفوظ رہے گا۔ جناب سپیکر، اس کیلئے میں نے سنا ہے کہ آپ آل پارٹیز کانفرنس کرنا چاہتے ہیں، آل پارٹیز کانفرنسز بہت ہوئی ہیں، پہلے بھی ہوتی رہیں لیکن All Parties Conferences do not come out with the solution، جتنی بھی پارٹیز اس ملک میں ہیں یا اس صوبے میں ہیں، وہ آپ کے ساتھ ہیں، They want to support you، ہمیں کسی کانفرنس میں آپ کو Assure کرانے کی ضرورت نہیں ہے، ہم فلور آف دی ہاؤس پہ کہتے ہیں آپ سے کہ ہم آپ کے ساتھ کھڑا رہنا چاہتے ہیں، We want to support you on this issue of the good governance, of the law and order in this province for the stability of this province, for the good of the province. Please give us some assurance. آپ ہمیں کچھ دکھائیں تو سہی، کیا کرنا چاہتے ہیں آپ، آپ کے مقاصد کیا ہیں؟ اور یہ میں بالکل واضح بتانا چاہتا ہوں کہ ہم آپ کو ان وسائل کا مالک نہیں بنانا چاہتے اور نہ آپ مالک ہیں۔ اس صوبے کے وسائل کے مالک اس صوبے کے عوام ہیں (تالیاں) They are the owners of this province (تالیاں) آپ نے کیسے سمجھ لیا، آپ نے کیسے سمجھ لیا کہ جو اس صوبے کے وسائل ہیں، وہ آپ اپنی مرضی سے تقسیم کریں گے؟ ہمیں تو یہ پتہ ہونا چاہیئے کہ کہاں کہاں تک کون غلط بیانی کر رہا ہے؟ ابھی گزشتہ روز پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان صاحب نے نیشنل

اسمبلی میں حلف اٹھاتے ہوئے کہا، انہوں نے مرکز میں بھی حکومت کو یاد کروایا، And it was appreciated by the government، انہوں نے کہا کہ اس ملک میں انصاف کے بغیر کوئی چیز قائم نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے اس بات کا حوالہ دیا کہ جرمنی میں، فرانس میں اور دوسرے ممالک میں اس لئے ترقی ہے، اس لئے لوگ محب الوطن ہیں کہ وہاں انصاف ہوتا ہے اور انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا اور اس بات کا مطالبہ کیا کہ انصاف کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا اور ہم تو امید کرتے تھے کہ ہمارے وزیر خزانہ بہت، سر! میں ان کیلئے احترام کا جذبہ رکھتا ہوں، مجھے اس بات کی امید تھی کہ وہ صوبے کے وسائل کو اپنی جماعت یا اپنی مقتدر جماعت کو والی نہ سمجھیں، وہ صرف اس کے کسٹوڈین ہیں۔ میں نے پچھلی دفعہ بھی اپنی ابتدائی تقریر میں کہا تھا کہ This is the time that the resources of the province must be divided amongst all the regions on equitable basis. یہ میں نے کہا تھا، آپ کا خیال ہے کہ ہم یہاں پر صرف تقریریں کرنے آتے ہیں، نہیں جناب، ہم تقریریں کرنے نہیں آتے، ہم آپ کو یہ یقین دلانا چاہتے ہیں کہ We want to make it sure that the resources of this province will have to be divided in all the regions on equitable basis (Applauses) یہ آپ کو کرنا پڑے گا، یہ آپ کو کرنا پڑے گا۔ چونکہ ہم کسی چیف منسٹر کے محتاج نہیں رہنا چاہتے، چیف منسٹر اپنی حاکمیت کیلئے نہیں آئے گا، وہ صوبے کے عوام کی خدمت کیلئے آئے گا۔ میں نے آپ سے مطالبہ کیا تھا اور میرا خیال تھا کہ آپ میری بات پر توجہ دیں گے۔ یہ صرف میرا مطالبہ نہیں تھا، ساری اپوزیشن کا مطالبہ تھا اور پھر ساری اپوزیشن کا مطالبہ نہیں ہے، سارے صوبے کے عوام کا مطالبہ ہے کہ اس صوبے کے وسائل کو آپ Regions میں Divide کریں اور ایک کمیشن تیار کیا جائے، کمیشن بنایا جائے، Under the Act of the Assembly، کہ ایک فارمولے کے تحت جنوبی اضلاع میں، پشاور ویلی میں، ہزارہ ڈویژن میں اور ملاکنڈ ڈویژن میں ان وسائل کو تقسیم کرو، سب کو پتہ ہو، ہر Region کو پتہ ہو کہ آئندہ بجٹ میں ہمارے یہ وسائل ہیں اور ان وسائل کی تقسیم ان کی وہاں پر تعمیر و ترقی انصاف کی بنیادوں پر ہو لیکن جناب سپیکر، I am very sorry to say کہ میری یہ آواز، میرا یہ مطالبہ، It has been ignored، ڈسٹرکٹس میں آپ نے ایک نئی ریونیو اتھارٹی صرف بنانے کی تجویز دے دی لیکن آپ نے اس کے وسائل تقسیم

کرنے کیلئے کوئی کمیشن کی تشکیل کا آپ نے کیوں بل کو پیش نہیں کیا؟ بل کو لانا چاہیئے تھا آپ کو اور میں آج بھی آپ سے مطالبہ کروں گا کہ آپ اس بجٹ کی منظوری سے پہلے اس کو لے کے آئیں کیونکہ ہم نہیں چاہتے، یہ میرے پاس اے ڈی پی موجود ہے، اس میں کونسا نیا کام آپ نے کیا ہے؟ کیا Vision یہی ہے کہ ہر ایک سیکٹر میں آپ امبریلا ڈیویلپمنٹ کو، امبریلا پراجیکٹس کو چیف منسٹر کے ہاتھ میں رکھ دیں اور وہ جس سے چاہے انصاف کرے، جس کو چاہے اس کو نامنظور کرے؟ یہ تو رنجیت سنگھ کا نظام ہے، اس رنجیت سنگھ کے نظام کو نہیں مانا جائے گا۔ (تالیاں) میرا خیال تھا کہ اگر آپ ڈیویلپمنٹ کرتے ہیں تو There is always a history of every district development اور ایک پراونس کی ڈیویلپمنٹ ہوتی ہے، پراونشل ڈیویلپمنٹ سیکٹر ہے اور ایک ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ سیکٹر ہے، جب میں ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ سیکٹر میں دیکھتا ہوں تو مجھے افسوس ہوتا ہے، It is unprecedented کہ اس بجٹ میں The District ADP is only 2 %، دو فیصد اگر ضلعوں کی اے ڈی پی ہے تو وہ کتنی افسوسناک ہے، کیا ظلم کرنا چاہتے ہیں آپ؟ This is not acceptable, this is not tolerable, it has to be a rationale، ہر ایک پراونشل اے ڈی پی کا اور ڈسٹرکٹ اے ڈی پی کا ایک Rationale ہوتا ہے، I have remained the Chief Minister of this province، Historically میں آپ کو دعوے سے کہتا ہوں، آپ لے آئیں، I have remained Chief Minister for two and a half years، اگر کوئی ایک پارٹ بھی مجھ پر زیادتی ثابت ہو That I was unfair with from D I Khan to Kohistan تو I should have to be responsible even today، اس وقت (تالیاں) اس وقت ہر ایک ضلع کی اور صوبے کی اے ڈی پی تھی، اس میں Rationale تھا، 60% and plus ADP would always go to the districts کیونکہ ڈسٹرکٹس بہرحال ڈیویلپمنٹ کا ایک Lowest Unit ہیں لیکن آپ نے دو فیصد اس میں ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ کو رکھا ہے، This is not fair، یہ بڑی ناانصافی ہے۔ آپ نے کہا، مجھے جناب فنانس منسٹر کی بات اس حد تک تو سنی جاتی ہے کہ انہوں نے تعلیمی ایمرجنسی لگائی، تعلیمی ایمرجنسی، تو کیا آپ کی Capacity موجود ہے؟ تعلیمی ایمرجنسی، It's a big

challenge، یہ لگنی چاہیئے، I want to support on your this step کہ اگر کسی بھی صوبے میں ایک بچہ جو School age کا ہے، اگر وہ سکول کو نہیں جا رہا تو There must be a school curfew imposed on him لگنا چاہیئے سر، لیکن Do you have a capacity? آپ مجھے کوئی ایسی دنیا میں کوئی حکومت بتا دیں، چاہے وہ امریکہ کی ہے، چاہے وہ فرانس کی ہے کہ جس میں Thirty thousand سے زیادہ سکول ہیں؟ Today, if I am not wrong, there must be more than thirty thousand schools, primary, middle and high schools, in this province۔ آپ مجھے کوئی ایسا نظام بتا دیں جہاں پر آپ ان کی مانیٹرنگ کر سکتے ہیں، I come from rural area، میرا علاقہ ہے، میں جانتا ہوں کہ وہاں پر سکولوں میں ٹیچرز نے اپنے آگے کرائے پر ٹیچرز رکھے ہوئے ہیں، This is fact today, this is a shameful thing، یہ کبھی ہم نے سنا نہیں تھا کہ کوئی استاد آگے کرائے کا استاد رکھتا ہے اور اپنی جگہ وہ تنخواہ لینے آتا ہے لیکن وہ سکول میں پڑھاتا نہیں ہے۔ آپ مجھے مانیٹرنگ کا طریقہ بتا دیں، There is fundamental defect اور مجھے یہ بات کہنی چاہیئے I want to talk to you کہ ہم نے سکول بلڈنگز بنائی ہیں، سکول انسٹی ٹیوشنز نہیں بنائے ہیں، Unless being an institution, it will never be successful. You will make to keep on investing money، Billions of rupees آپ Investment کرتے جائیںگے، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس میں ایک رتی برابر بھی کوئی تبدیلی نہیں آ سکتی اور وہ Failure یہاں سے نظر آتا ہے مجھے، جب میں دیکھتا ہوں کہ آپ پرائیویٹ سکولوں میں بچوں کو پڑھانے کیلئے فنڈنگ کر رہے ہیں، You are going to spend a lot of money, eight hundred millions تو مجھے ایک جگہ نظر آئے اور غالباً Five hundred millions mean کہ 1.3 billion rupees اس سال حکومت نے پرائیویٹ سکولوں کو پڑھانے کیلئے، بچوں کو پڑھانے کیلئے آپ نے رکھے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ Public Sector failure کے خود ذمہ دار ہیں اور آپ ایک نیا وہاں پر کلچر Develop کر رہے ہیں کہ نہ تو پبلک سیکٹر سکولز کامیاب ہوں اور اس کے مقابلے پر پرائیویٹ سکولز وہاں بنیں، کامیاب ہوں، فیسیں آپ دیتے رہیں، یہ تو ان کی، جس کو ہماری زبان میں کہتے ہیں کہ ان کی 'منج سو گئی' ہے، کیا کہتے ہیں قلندر صاحب کیا کہتے ہے اس

کو؟ان کی بھینس تو 'سنیہار' ہو گئی ہے، پرائیویٹ سکولوں کی اور جو پبلک سیکٹر ہے، وہ سکولز آدھے بند پڑے ہیں، بند پڑے ہیں، سکول ٹیچرز نہیں ہیں اور You do not have a monitoring system and on top of that آپ کی Management order کہاں پر ہے؟ There is no management order of the school system، اپنے بجٹ میں مجھے کوئی ایسا Vision نظر نہیں آتا جس کو ہم یہ کہیں کہ ہاں یہ تبدیلی ہے، It is a status quo, nothing more than that۔ پھر آپ نے کہا کہ ہم نے ہر سیکٹر میں اور آپ نے ایجوکیشن سیکٹر میں Increase کیا ہے، آپ نے تاثر دیا ہے کہ آپ کوئی انقلابی کام کرنے جا رہے ہیں، I assure you کہ یہ جو آپ نے بجٹ Increase کیا ہے، اس میں سے 90% بجٹ جو ہے وہ آپ کے Salaries increase میں جائے گا، وہ آپ جو ہیلتھ الاؤنس دیتے ہیں ان کو، میڈیکل الاؤنس، جس کو آپ نے ابھی اس دفعہ شامل کر لیا ہے آپ نے Pay increase میں، پہلے بھی ملتا تھا ان کو میڈیکل الاؤنس، اس دفعہ آپ نے اس کو Pay increase میں شامل کیا اور یہ تاثر دینے کی کوشش کی، آپ نے 15 فیصد انکا اضافہ کیا، Which is not correct, we should have to be more honest about it، یہ جو آپ نے Increase کیا بجٹ میں، اس سے کوئی انقلاب نہیں آئے گا۔ آپ کے مقابلے پہ پنجاب میں 26 فیصد بجٹ جو ہے، انہوں نے ایجوکیشن کیلئے رکھا ہے، 26 فیصد، چاہیئے تو یہ تھا کہ آپ اس میں نئے Vision کے ساتھ Investment کرتے لیکن اگر آپ نے اسی روایتی انداز میں Investment کرنی ہے تو What is a difference between you and the governments in the past? کوئی فرق نہیں، پھر آپ Tall claim نہ کریں، آپ بلند و بالا وعدے نہ کریں، And don't misguide the people اس صوبے میں لوگ بڑے رلے ہوئے ہیں، بہت پریشان ہیں، پہلے سے آپ ان کو مزید مت رلائیں، پھر آپ نے ہمیں یہ نہیں بتایا کہ کیا اس صوبے میں آپ نے جو Discretionary funds تھے چیف منسٹر کے، گورنر کے، منسٹرز کے، یہ ڈیپارٹمنٹس کے، وہ آپ نے ختم کیے ہیں کہ نہیں کیے؟ We don't see that، یہ آپ کو ختم کرنا چاہیئے تھے کیونکہ Discretionary funds جو ہیں، یہ Misuse ہوتے ہیں، They are not used, utilized properly and you are the

custodian۔ جناب فنانس منسٹر! اللہ کے نزدیک بھی آپ سے پوچھ ہوگی، آپ کا کیا خیال ہے کہ یہ ہاؤس صرف آپ سے پوچھے گا یا صرف اس صوبے کے عوام پوچھیں گے؟ No, you are answerable to Allah-----

(عصر کی اذان)

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، آنریبل فنانس منسٹر نے یہ کہا کہ ہم تھانہ کلچر ختم کرینگے لیکن ہمیں تو تھانہ کلچر میں وہ Vision نظر آنا چاہیئے تھا جس کیلئے اس قوم نے پچھلے ڈیڑھ، دو سالوں میں بڑے Talk shows دیکھے ہیں، اس ملک کے بڑے بڑے Geniuses کو بیٹھا کر ہمیں بتایا گیا تھا کہ یہ جو تھانیدار اور ایس پی اور ڈی ایس پی، اس کو لوگ Elect کرینگے، اس کا پتہ نہیں کہاں کہاں سے انتخاب ہوگا؟ یہ جو آپ Online، آپ نے بات کی کہ Online انکے کیسز کی ایف آئی آرز رجسٹرڈ ہونگی، یہ Really مجھے حیرانگی ہوتی ہے کہ یہ باتیں آپ کیا کر رہے ہیں؟ جناب، آپ کو پولیس کلچر ٹھیک کرنا، تھانہ کلچر، نہیں It is not wrong with the system, it is wrong with the people، سسٹم کوئی خراب نہیں ہوتا It is wrong with people اور ان کا کلچر، آپ کا کام ہے کہ There has to be good government، آپ گورننس دینگے تو وہ ٹھیک ہوگا، اگر آپ کا Vision آپ کا کمانڈ سسٹم، اگر وہ روایتی ڈھانچہ ہے تو They will also carry on as you have carried on، تو جناب، یہ کوئی چیز نہیں ہے، اس لئے مہربانی کرکے اس میں اگر آپ نے تھانہ کلچر کو بدلنا ہے تو پھر آپ نا انصافی کے دروازوں کو بند کریں، آپ پولیس کے اندر اور تھانوں کے اندر Toutism کو ختم کریں، آپ ان کے اندر جو قبضہ مافیا ہے، وہ جو بڑے بڑے مافیاز ہیں، ان کو آپ ختم کریں گے تو تب یہ کلچر ختم ہوگا It is nothing wrong with the police, it is wrong with the people جو اس کے اوپر حاوی ہیں، جس کا قبضہ ہے اور آپ کہتے ہیں کہ ہم تبدیلی لیکر آئیں گے، ہاں آپ کی تبدیلی کا آغاز شروع ہو گیا ہے، مجھے پتہ ہے، کم از کم میرے ڈسٹرکٹ میں انتقامی کارروائیاں شروع ہو چکی ہیں، لوگوں کو ٹرانسفر کرنا شروع کر دیا گیا ہے، چاہے وہ سکول ٹیچرز ہیں یا چاہے وہ دوسرے لوگ ہیں۔ ہمارے ہاں ہزارہ میں اگر کسی کو کوہستان میں ٹرانسفر کرتا ہے تو اس کو پتہ چل جاتا ہے کہ یہ Punishment پہ جا رہا ہے۔ I must

میں ہاؤس کو بتانا چاہتا ہوں، tell you honourable، یہ تبدیلی کا آغاز شروع ہو گیا انتقام سے اور وہ انتقام ہے اپنے مخالفین کو کوہستان بھیجنا اور مجھے یقین ہے کہ میرے باقی ممبرز بھی اس بارے میں ضرور کسی نہ کسی کے سامنے آئے گا، آئے گا سامنے، آپ ٹرانسفر کریں،

It is your right but transfer the people based on merit, don't transfer the people on liking and disliking.

یہ تو لوگ بدل گئے، اگر Change کا مطلب یہ ہے، This is change of face تو Then we understand it لیکن اگر یہ Change of vision ہے، Change of policy ہے، Change of good governance ہے تو Please, don't harm your people۔ ہمارے ملک میں چپڑاسی سے لیکر صدر تک ساری پارٹی بازی ہے، یہ پارٹی بازوں کا ملک ہے، اس میں چپڑاسی لوگ بھی جناب اب پارٹی بازی کرتے ہیں، تو آپ کتنے لوگوں کو ٹرانسفر کریں گے، حساب کریں؟ ان سے آپ امن سے رہیں، آپ ان کے ساتھ امن کریں، صبر کریں، This is not a good way۔ جناب سپیکر، ایک بہت اہم بات کرنا چاہتا ہوں کہ 2005 میں بہت بڑا زلزلہ آیا تھا، ہزارہ ڈویژن میں، ایبٹ آباد، مانسہرہ، بٹگرام، کوہستان اینڈ شانگلہ، ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کی شہادت ہوئی، چار لاکھ کے قریب لوگ زخمی اور ان کے گھر Up rooted، اس علاقے میں تمام انفراسٹرکچر، روڈز، سکولز، ہاسپٹلز، بی ایچ یوز، ہر چیز ختم ہو گئی اور مرکز میں ایک اتھارٹی بنائی گئی تھی، 'ایرا' ، اس کو بڑا ایک ٹاسک دیا گیا تھا اور اس کے مقابلے میں ایک صوبے میں اتھارٹی بنائی گئی تھی، ' پیرا' ، اسے خیال تھا کہ ایک Coordinated effort سے چند سالوں میں اس کی Reconstruction ہو گی لیکن آج بھی میں آپ کو افسوس سے کہتا ہوں کہ ان علاقوں میں، ایبٹ آباد میں، مانسہرہ، بٹگرام، شانگلہ اور کوہستان کے اضلاع میں آج بھی سکول جو ہیں، وہ زمین بوس ہیں، ان کا پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ آج بھی ہاسپٹلز اور بی ایچ یوز زمین بوس ہیں، ان کا پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ آج بھی وہاں Bridges موجود نہیں ہیں، وہاں پہ راستے نہیں ہیں، انفراسٹرکچر کی جو Completion ہے، اس کا مرکز بھی ذمہ دار ہے لیکن صوبہ بھی Equally responsible ہے۔ آپ Ignore نہیں کر سکتے، آپ ان لوگوں کو صرف 'ایرا' کے حوالے نہیں کر سکتے کہ آپ کے اضلاع میں ہم نے کوئی ترقی نہیں کرنی ہے۔ میرے اپنے حلقے میں پچھلے کئی سالوں میں نئے سکول بننا بند

ہوئے، انہوں نے کہا کہ جناب، آپ کو 'ایرا' بنا کے دیگا، نہ 'ایرا' نے بنائے ہیں، نہ ہی صوبائی حکومت نے، تو یہ انصاف ہے؟ ہم انصاف دیکھنا چاہتے ہیں، وہ انصاف جس کیلئے آپ نے خود آواز بلند کی تھی، They would ask the honourable Finance Minister کہ وہ اپنے بجٹ میں ان تمام اضلاع میں Reconstruction phases کا خود نوٹس لیں اور جہاں پر Markaz is failed، وہاں پر The province must come out، آپ کا کام ہے۔ 2010 کے بعد NFC award میں آپ کے Recourses بڑھ گئے ہیں، آپ کی ذمہ داریاں بڑھیں، آپ دلیر بنے اور Kindly ان کی Reconstruction کیلئے آپ ضرور کام شروع کریں۔ اس کے علاوہ ہمارے Recourses ہیں، Water resources، اٹھارہویں ترمیم کے بعد صوبوں کے پاس بڑا اختیار ہے کہ آپ اپنے Water resources کو Develop کریں، ہائیڈل پاورز بنائیں لیکن یہ جو آپ کے بجٹ میں Allocations ہیں، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ ایک میگاواٹ بھی اس میں، بجٹ کے اندر آپ کا کچھ بھی نہیں بنے گا، یہ سب پیسہ کھایا جائے گا، کچھ بھی نہیں نکلے گا اور مجھے اس بات پہ پھر افسوس ہو گا کہ جب آپ اپنے اس Vision کے مطابق Solar energy سے سٹریٹ لائٹس لگائیں گے اور سکول کے بچے ان کو غلیلوں سے جب توڑیں گے تو Who will be responsible, this is simple، یہ ہماری سوسائٹی ہے، This is our society, یہ سرکار کی دی ہوئی چیز کو لات مارتی ہے اور اپنی چیز کی حفاظت کرتی ہے، we are irresponsible، ہماری حکومتیں جتنی غیر ذمہ دار ہونگی، اتنی ہماری سوسائٹی ذمہ دار ہو گی، تو میں آپ کو یہ تجویز دونگا، جناب فنانس منسٹر! میں آپ کو تجویز دونگا کہ آپ Solar power سے سٹریٹ لائٹس کو خدا کیلئے ان کو مت Energize کریں، Don't waste your money، یہ ہم نے بہت دیکھا ہے، وہ نہیں رہیں گے، ہر پل کے اوپر ایک Solar panel لگا ہو گا اور وہ ٹوٹا ہو گا، Don't do this، اس کے علاوہ دوسرے ذرائع ہیں، The most modern and tolerable system is LED lights، آپ LED lights پہ Investment کریں اور آپ کا 70% electricity waste بچے گا، وہ آپ کو لانا چاہیئے تھا اور ایک بڑی Fund allocation ہوتی کہ ہمارے تمام جو Urban areas ہیں، وہاں پہ سٹریٹ لائٹس یا تو چلتی نہیں ہیں یا وہ تمام، جو لوکل گورنمنٹ ہے، میونسپل

ایڈمنسٹریشن ہے،ان کے بلوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے سٹریٹ لائٹس بند پڑی ہیں اور ان سٹریٹ لائٹس کے بند ہونے سے لاء اینڈ آرڈر میں ایک اور Serious issue پیدا ہوتا ہے۔ تو I would suggest you کہ Kindly, change this vision of solar panels in the street lights into the LED light structure, which is a world phenomenon، جو ساری دنیا میں چلتا ہے، 70% سے بھی اوپر، اس کے علاوہ کوئی دوسرا طریقہ نہیں ہو گا آپ کی بجلی کی لوڈشیڈنگ پہ قابو پانے کیلئے۔ جناب سپیکر، مجھے پھر افسوس ہو گا کہ مجھے یہ قطعاً توقع نہیں تھی وزیر خزانہ سے کہ وہ اس صوبے کے عوام کو Misguide کریں گے، I was not expecting from him، انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے Energy emergency لگائی ہے اور اس پہ بجلی کی لوڈشیڈنگ پہ قابو پانے کیلئے منصوبہ بنایا گیا ہے، یہ منصوبہ ہے، It is injustice، یہ اس کے بجائے آپ اتنا Sensation پیدا نہ کریں، آپ لوگوں کی امیدوں کو مت باندھیں اتنا کہ آپ نے Energy emergency لگائی ہے اور اس میں کوئی ایسی چیز مجھے نظر نہیں آتی جو اس صوبے میں لوڈشیڈنگ کو قابو پانے میں مدد دے سکے، I do not see anything, no way، آپ کو چاہیئے تھا، اگر آپ یہ کرتے تو یہ ایک اچھی بات ہوتی، آپ کے پاس وسائل موجود ہیں اور آپ کے پاس ایک ہائیڈل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی موجود ہے لیکن اس وقت ضرورت تھی کہ سمال ہائیڈل ڈیویلپمنٹ کو اب آپ ایک ہائیڈل پاور کمپنی میں تبدیل کریں، This is a new vision کہ ایک پبلک سیکٹر Ten billion dollars کی، آپ Ten billion rupees کی کمپنی بنائیں، اس کو Handover to the private management، وہ سرکاری ملازموں کے حوالے مت کریں، آپ اور ایک پاور کمپنی بنائیں جو اس صوبے میں نہ صرف وسائل کو Develop کرے بلکہ آگے صوبے کے Resources میں اضافہ کرے، This was the time کہ آپ ایک ایک پاور کمپنی کو پبلک لمٹیڈ کروائیں، سٹاک ایکسچینج میں جائیں اور ایک نئے Vision کے ساتھ کام کریں، Hand it over to the competent people تاکہ اگر آپ نے کام کرنا ہے، Investment کو لیکر آنا ہے ورنہ یہ سارا پیسہ جو ہے، اس وقت آپ نے 1527 ملین روپے رکھے ہیں، اگر یہ بلین ہوتے تو مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ 1527 ملین میں آپ یہ ایمرجنسی کا کیا کریں گے؟ اور Bio diesel کی پیداواری صلاحیت

کا اندازہ کرنے کیلئے ایک Model Jatropha farms قائم کرنے جارہے ہیں۔ جناب فنانس منسٹر صاحب! مجھے صرف یہ بتادیں کہ دنیامیں کونسے ملک میں Jatropha Farm کو حکومتی سطح پر کیا گیا ہے؟ آپ یہ کہتے کہ We will encourage the farmers, we will support the farmers، آپ اس کو اپنا Model farm کیوں بنانا چاہتے ہیں؟ It is not the business of the government، یہ حکومت کا کام نہیں ہے کہ وہ دکانداری کرتی پھرے، It is a failed structure, this is the time that you should have come with a solution کہ ہاں Jatropha farms جو ہیں، پرائیویٹ سیکٹر وہ فارمز لگائے اور حکومت اس کو تمام وسائل اور اس کی امداد مہیا کرے، This was the model لیکن آپ خود Farm قائم کرنے جارہے ہیں، اس کے اوپر آپ ایک پراجیکٹ بنائیں گے، اس کے پراجیکٹ ڈائریکٹرز ہونگے اور اس کے اندر بھرتیاں ہونگی، اس میں گاڑیاں خریدی جائیں گی، This is the farm، یہ تبدیلی لانا چاہتے ہیں؟ I would suggest you, please refrain yourself، آپ ان سے بچیں، اسی میں آپ کی بقاء ہے اور آپ کے پاس جو Wind power ہے، You have a number of wind corridors in this province، آپ مجھے بتائیں کہ آپ نے Wind bank، کبھی اس کا کوئی Data بنایا ہے؟ آپ نے اس میں کوئی Data collect کیا ہے کہ آپ کا Wind bank کون کونسی جگہ پر ہے؟ آپ کے Wind corridors میں کتنی Power production کی Capacity ہے؟ You don't have a fundamental work اور اس میں دس میگاواٹ کے ایک پائلٹ پراجیکٹ نے کام کرنا بھی شروع کر دیا۔ یہ بھی میں آپ کو تجویز کرونگا کہ This is again not the business of the government to invest money in this area, there should be private sector، آپ ان کو Licenses دیں، Give them licenses، ان کو ایریا مختص کریں اور ان کو Support کریں تاکہ وہ یہاں پر Wind powers لگائیں، حکومت اپنے پیسے کو مت ضائع کرے۔ جناب سپیکر، مجھے پتہ ہے، I know----

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر! ہم اپنا سارا ٹائم ان کو دیتے ہیں تاکہ یہ پوری اپنی تقریر ختم کرلیں، ہم نہیں بولیں گے۔

قائد حزب اختلاف: نہیں مجھے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نماز، نماز پڑھ لیں، پھر ان شاءاللہ اس کے بعد، نماز کا وقت ہے جی۔

قائد حزب اختلاف: جناب، میں یہ بات پوری کر لوں تو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹائم پورا ہے جی، نماز پڑھ لیتے ہیں، اس کے بعد بیشک آپ جاری رکھیں۔ دس منٹ صرف، دس منٹ کے بعد ان شاءاللہ دوبارہ آپ، دس منٹ بریک کریں نماز کیلئے، نماز کے بعد ان شاءاللہ۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی عصر کی نماز کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام اراکین اسمبلی سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی نشست پر بیٹھ جائیں۔ معزز اراکین اسمبلی! چونکہ بجٹ پر بحث کیلئے بہت زیادہ تعداد میں معزز ممبران اسمبلی نے اپنے نام جمع کرائے ہیں، وقت کی کمی کو مد نظر رکھتے ہوئے میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد، ضوابط و طریقہ کار مجریہ 1988 کے قاعدہ 142 کے ذیلی قاعدہ نمبر 3 کے تحت درج ذیل ترتیب سے وقت مقرر کرتا ہوں: پارلیمانی لیڈرز 20 منٹ اور ممبران صاحبان 10 منٹ، لہذا آپ سے دوبارہ گزارش کی جاتی ہے کہ مقرر کردہ وقت میں بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کریں، نیز غیر ضروری بحث سے اجتناب کیا جائے، شکریہ۔ میں اب سردار مہتاب عباسی صاحب سے گزارش کرتا ہوں۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر! میں شکریہ ادا کرتا ہوں، I will try to sum up my things۔ میں کچھ اور چیزوں کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ کے پاس بہت نیا Talent بھی آیا ہے اور یہ Talented لوگ ہیں، Let us find them، آپ نے ان کو Confidence میں لیا ہے، بجٹ بناتے ہوئے، ?Have you taken any idea from them کیونکہ بجٹ جو ہے، It's a collective reflect index، اس کی وہ ترجمانی کرتا ہے۔ یہ میں امید کرونگا کہ حکومت اپنے ساتھ جو ان کے نئے لوگ آئے ہیں، لوگوں کو کہتے ہیں کہ They have a lot of experience لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ They have more talent، ان کے پاس نیا تصور ہوگا، نئے Initiatives ہو سکتے ہیں، جس چیز کو میں Stress کرنا چاہ رہا ہوں، وہ یہ ہے کہ حکومتی وسائل پر کسی فرد واحد کا اختیار نہیں ہے،

یہ عوام کے اختیار میں ہوں، ان تک اس کو جانا چاہیئے، تو میں ان کو تجویز کروں گا کہ اس میں بہت سی چیزیں ایسی مجھے نظر آتی ہیں جو Wastage ہے اور ان کا ماضی میں بھی پتہ نہیں لگا، مجھے پتہ ہے کہ پشاور کو جو ہمارے اس صوبے کا کیپیٹل سٹی ہے، اس کی ہسٹری ہے، تاریخ ہے اس کی، یہ پھولوں کا شہر کہلاتا تھا، کچھ تو بموں کے دھماکوں نے اس کے حسن کو لوٹ لیا اور کچھ اس میں بے دردی سے، کسی Development plan کے بغیر، کسی نئی Thinking کے بغیر اس میں جو پیسہ لگتا رہا، وہ بالآخر ڈوب جاتا ہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جناب، As Chief Minister پشاور میں ایک سیوریج سسٹم کیلئے کئی ارب روپے کی سرمایہ کاری ہوئی تھی اور جب ہم پہنچے تو اس کو ہم نے کہا کہ اس کو Examine کرتے ہیں، سچی بات ہے کہ وہ قبرستان تھا، اس میں ہم نے بڑی کوشش کی، ہمیں کچھ نہیں ملا، نہ وہ سیوریج سسٹم لگ سکا، وہ پیسہ بھی تباہ ہوا اور یہ پشاور شہر کا اپنا تمام جو حسن و رعنائی ہے، اسے ختم کر بیٹھا اور اس کے لوگ جو ہیں، وہ ایسے لگتا ہے جیسے اجڑے ہوئے شہر میں رہتے ہیں۔ Urbanization is a constant process now، کسی زمانے میں اربن اور رورل میں Differences جو ہیں، وہ بہت فرق تھا، اب Urban population is constantly growing اور خاص طور پہ جو ملٹری آپریشن ہے ٹرائبل ایریا میں، ملاکنڈ میں، اس کے بعد بڑی Relocations ہوئی ہیں، بڑی Less movement ہوئی ہے لوگوں کی، تو اس کی وجہ سے نئی نئی ڈیویلپمنٹ آئی ہے، نئے نئے علاقے آباد ہوئے ہیں لیکن مجھے افسوس اس بات کا ہے، یہ صرف پشاور میں نہیں ہے، یہ ایبٹ آباد میں بھی ہے، یہ ہری پور میں بھی ہے، یہ مردان میں بھی ہوگا، یہ صوابی میں بھی شاید Possible ہے لیکن جہاں تک مجھے علم ہے کہ تمام Urban developments بغیر کسی پلاننگ کی ہیں، کاغذوں میں اگر آپ کو نظر آئے گا تو وہ ایک گاؤں شمار ہوگا اور آج اگر اس میں دیکھیں تو ادھر آبادی ہو گی لیکن اس کے اندر اب آپ کا Future plan ہے تو وہ ہونا پڑے گا، آپ کو لوکل باڈیز الیکشنز کروانے ہیں لیکن میں آپ کو ابھی سے بتانا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے لوکل باڈیز کے اسی اداروں کی موجودگی میں الیکشنز کرائے جو آپ کے Government institutions ہیں، جن کو TMAs کہتے ہیں تو They are run by the clerks, they are run by the overseers اور اور سیئرز کو چیف انجینئرز کی سیٹوں پر میں دیکھتا ہوں، کلیریکل سٹاف کو میں نقشے پاس کرتے ہوئے دیکھتا ہوں اور آپ

Imagine کر سکتے ہیں کہ وہ کیا پاس کرتے ہیں؟ جناب سپیکر، یہ وقت تھا کہ میونسپل ایڈمنسٹریشن کی Capacity development اس طرح نہ کی جائے کیونکہ میونسپل ڈیویلپمنٹ اور رورل ڈیویلپمنٹ کے اندر بہت بڑے Conceptual differences ہیں۔ You need to have architects , you need to have town planner, you need to have engineers and you need to have very upgraded civic system in the province now، وہ کہاں پر ہے؟ یہ اربوں روپے آپ Waste کر رہے ہیں، Where is that? اربن ڈیویلپمنٹ کیلئے آپ نے کیا کام کیا ہے، Capacity development کدھر ہے؟ Where is the investment which is needed now? آج بھی آپ دیکھیں گے کہ اربن ایریا کے اندر کمرشل پلازے بن رہے ہیں، Sorry، جو Residential areas ہیں، کمرشل پلازے بن رہے ہیں، ہاسپٹل کی ملٹی سٹوری بلڈنگز بن رہی ہیں، سکولز کی ملٹی سٹوری بلڈنگز بن رہی ہیں اور وہاں پہ ٹریفک پرابلم ہے، وہاں پہ واٹر پرابلمز ہیں، وہاں پہ Residency، جو رہتے ہیں ان کے مسائل اپنے ہیں لیکن میں کسی ایسی چیز کو نہیں دیکھ رہا ہوں کہ جو آپ کے اس بجٹ کے اندر یہ نیا Vision شامل ہو۔ I will suggest to please cater for this requirement on urgent basis ۔ Similarly یہ جو پشاور ہے، اس کے اندر آپ Investment کرنا چاہ رہے ہیں، اس کے سیوریج سسٹم میں لیکن Do it with the consultant، آپ اس کو Consultant کے ساتھ مل کر کریں۔ آپ نے اس Land use کا ذکر نہیں کیا، ہمیں کہیں پہ Land use plan کا کوئی کام نظر نہیں آرہا۔ آپ نے اس پراجیکٹ، اس بجٹ میں کیا کوئی land use plan دیا ہے ہمیں؟ There is no land use plan، آج آپ نتھیا گلی میں جائیں تو جس نتھیا گلی میں سارے پاکستان سے اور سارے صوبے سے ٹورازم جاتا ہے، وہاں پہ آپ اس کو دیکھیں تو It's not a livable area, it is not an area جہاں پہ لوگ Enjoyment کیلئے جائیں، (تالیاں) وہ اس علاقے کی Socio economic development کا ایک ذریعہ ہے، وہ معیشت کا ذریعہ ہے، وہاں پہ لوگوں کا روزگار ہے لیکن It needs planning اور وہاں پہ یہ پلاننگ نہیں ہے کہ جس کا زور چلے وہ ایک بلڈنگ کھڑی کرلے، جس نے پیسے دیئے ہیں، وہ وہاں پہ ایک کھوکھا کھڑا کرے گا، This is not acceptable، یہ آپ کیلئے بڑا ظلم ہے۔ میں آپ کو تجویز کروں گا کہ You

need to have land use plan for the province۔ اسی طرح جو آپ کا Environment ہے، آپ کی فارسٹری ہے، It is constantly in depletion، جو ماضی میں مافیا جو جنگل مافیا ہے، وہ جنگل مافیا لکڑی کی بے تحاشہ جو کٹائی، ہمارے جنگلات تباہی کی طرف جا رہے ہیں اور مجھے افسوس ہے کہ آپ نے اس کی طرف کچھ توجہ نہیں دی۔ اس میں مجھے کوئی Vision نظر نہیں آتا کہ آپ فارسٹ کو کس طرح، اس کو آپ دوبارہ Reinstate کرتے ہیں، کیسے اسکے اندر Investment کرنا چاہتے ہیں؟ کیسے اپنے فارسٹ کو ان مافیا سے بچائیں گے جو مافیا نے اس سارے صوبے میں اس کو کھوکھلا کر دیا ہے؟ I do not see that view and I would suggest، مجھے افسوس ہو گا کہ جب اس صوبے کے عوام جو ایک نیا Vision دیکھنا چاہتے تھے، وہ جب کیبنٹ پہ نظر دوڑائیں گے تو ان کو بڑے Tented figures وہاں پہ نظر آئیں گے، This will be unfortunate for the people of this province، یہ نظر آئے گا۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ جو آپ پشاور شہر کی سڑکوں کی تعمیر، پانی کی فراہمی یا سیوریج سسٹم کو ایک بلین رکھنا چاہتے ہیں، یہ ایک بلین کافی نہیں ہے، You need more investment، اس میں زیادہ Investment کی ضرورت ہے۔ آپ کا یہاں پہ ایک تاریخی ورثہ ہے، We have to protect it، اس کیلئے ہمیں کوئی فنڈ نظر نہیں آتا۔ اسی طرح جو آپ نے یہ Propose کیا ہے کہ آپ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ میں تین بلین کی Investment کرنے جا رہے ہیں اور اسی طرح آپ آئل ریفائنری میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کو سجانا چاہتے ہیں تو پھر آپ کی تجویز ہے کہ آئل اینڈ گیس کو Explore کرنے کیلئے آپ اپنی ایک کمپنی بنانا چاہتے ہیں، میری آپ کو تجویز ہے کہ This is the time to think again about it. Yes, the province needs its own investment but I would suggest you, please, invest this money with most modern provision. It need not putting up your people there، اپنے لوگوں کو ایڈجسٹ کرنا نہیں ہے، آپ ایک Withholding company بنائیں، آپ ایک Investment company بنائیں، And make it a public limited company and that company should be run by the competent people from the market اور وہ آپ کی Investment کو کرتی جائے So that وہ اپنے پیسے کو نہ صرف Properly Invest کریں، اس کو Supervise کریں بلکہ ہمارا جو Resource base ہے، ہمارا Capital base

